# پریس ریلیز

## سماجی برائیوں کی وجہ قرآن سے دوری، ڈاکٹر محمد اسلم پرویز

آج مورخہ کیم اکتوبر ۲۰۱۷ الحکمہ فاؤنڈیشن، نئی دہلی کی جانب سے منعقدہ لیکچر سیریز کے تحت **قرآن فہمی کی اہمیت اور ضرورت** پر روشنی ڈالتے ہوئے ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد نے کہا کہ آج سماج میں پھیلی ہوئی ہر طرح کی برائیوں کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے خالق کائنات کے ذریعہ بھیجے گئے دستور حیات یعنی کلام الاہی سے دوری اختیار کر رکھی ہے۔انھوں نے اپنے دو گھنٹے کے خطاب میں قرآن کریم کی آیات کے حوالوں سے سماج کی مختلف برائیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے اس کی وجوہات اور سدباب پر تفصیلی وضاحت پیش کی۔انھوں نے اپنے خطاب میں قرآن کو سمجھ کر پڑھنے کی اہمیت پر زور دیا اور قرآن فہمی کی فرضیت کو ثابت کیا۔انھوں نے اسلام کے معنی کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ اللہ کے سامنے سر تسلیم خم کر دینے کا نام ہی اسلام ہے۔اور مسلمان اسی کو کہتے ہیں جو اپنی زندگی کا ہر عمل اللہ کی مرضی کے مطابق انجام دیتا ہے۔

ڈاکٹر موصوف نے اپنے خطاب کے دوران بچوں کی تربیت، شادی بیاہ میں غیر اسلامی رسومات اور بے جا اصراف، بڑھتی ہوئی فحاشی اور عریانیت، نوجوانوں کی بے راہ روی، ٹی وی، موبائل اور سوشل میڈیا کا غیر ضروری استعمال، خواتین میں بڑھتا ہوا فیشن اور بے پردگی اور مادہ پرستی کی نشاندہی کرتے ہوئے ان برائیوں کے دنیاوی و اخروی خطرناک نتائج کی طرف توجہ دلائی اور کہا کہ قرآنی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی ہم ان برائیوں سے نجات حاصل کر سکتے ہیں۔

دوران خطاب ڈاکٹر صاحب نے سورہ النحل، سورہ قصص، سورہ الانعام، البقرہ، الاعراف، الفرقان، النور، والتین، الکہف وغیرہ کے حوالہ پیش کئے۔موصوف نے خطاب کے بعد سامعین کے سوالات کے جوابات بھی دئے۔اس موقع پر الحکمہ فاؤنڈیشن کی جانب سے ڈاکٹر صاحب کو ایک نشان یادگار اور ایک شال پیش کی گئی۔اس موقع پر کلام الاہی کے اردو، ہندی اور انگریزی تراجم بھی تقسیم کئے گئے۔

پروگرام کی شروعات جناب محب اللہ ندوی کی سورہ قمر کی منتخب آیات کی تلاوت اور تشریح سے ہوئی۔تلاوت کے بعد جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طالب علم عبداللہ طارق نے انگریزی میں حمد پیش کی۔

پروگرام کی نظامت ڈاکٹر شکیل جیبی، کنوینر، لیکچر سیریز، الحکمہ فاؤنڈیشن نے انجام دی نیز فاؤنڈیشن کی خدمات کی تفصیل پیش کی۔

پروگرام کے آخر میں فاؤنڈیشن کے چیرمین ڈاکٹر ضیاالدین ندوی نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور حاضرین سے سماجی خدمات میں فاؤنڈیشن کو جوائن کرنے کی اپیل کی۔

پروگرام کا انعقاد فاؤنڈیشن کے صدر دفتر، واقع ذاکر نگر، گلی نمبر ۸ میں کیا گیا۔جس میں بڑی تعداد میں خواتین و مرد نے شرکت کی۔اس موقع پر خاص طور سے فاؤنڈیشن کے سرپرست ڈاکٹر محمد خالد صدیقی، جناب منصور الاہی، جناب افضل حسن، جناب انجینیر مسرور احمد، جناب محمد یوسف، جناب عبیدالرحمان، جناب جاوید عالم، جناب عبدالمالک، محترمہ مدیرہ عثمانی، جناب اطہر مسلم، جناب شکیل الرحمان، جناب مرزا ذکی بیگ، جناب خالد ندوی، جناب خان محمد رضوان کے نام قابل ذکر ہیں۔

مہمانوں کی میزبانی کے فرائض جناب سید شعیب احمد، جناب ثاقب یاسین، جناب ارشد ہاشمی، جناب شاہد پرویز اور سعود عالم نے انجام دئے۔

سید شعیب احمد
سکریٹری
9868107300